QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 169

کیسکو کی تردید

کوئٹہ: 09 جنوری 2026ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے روزنامہ جنگ کوئٹہ میں **"لہڑی گیٹ گلشن جناح کا ٹرانسفارمر خراب، علاقہ تاریکی میں ڈوب گیا"** کے عنوان سے شائع شدہ خبر کی سختی سے تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ علاقے میں ٹرانسفارمر خراب ہونے کے بعد کیسکو عملہ نے مرمت کیلئے ورکشاپ بھیج دیا جس کے جلد مرمت کرنے کے بعد دوبارہ نصب کیا جائے گا۔ ترجمان نے اس بات کو بے بنیاد قرار دیا جس میں ٹرانسفارمر کی مرمت کے سلسلے میں کیسکو کو رقم دیا گیا ہے کیونکہ کیسکو تمام ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی مرمت اپنے ذاتی فنڈز سے کرتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ کسی بھی علاقہ میں ٹرانسفارمر خراب ہوجانے پر متعلقہ سب ڈویژن فوری طور پر اسکی مرمت کیلئے کیسکو ٹرانسفارمر ورکشاپ بھیج دیتا ہے۔ جس کے بعد ٹرانسفارمر کی خرابی دور کرنے اور ٹیسٹنگ مکمل ہونے پر کیسکو کا عملہ مذکورہ ٹرانسفارمر کی دوبارہ تنصیب کرکے بجلی بحال کردیتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اس بابت اگر کسی بھی صارف کو کیسکو عملہ یا سب ڈویژن کے خلاف کوئی شکایت ہے تو وہ اپنا تحریری درخواست کیسکو کے اعلیٰ حکام کو ارسال کریں جس کا فوری ازالہ کردیا جائے گا، البتہ اخبارات میں بیانات اور بے بنیاد الزام عائد کرنا درست اقدام نہیں ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ایسی خبروں کی اشاعت سے قبل کیسکو سے بھی مکمل معلومات حاصل کرلینی چاہیئے تاکہ بعد میں کوئی ابہام یا پریشانی سے بچا جاسکے۔

نمبر: کیسکو پی آر 170

مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں کی توسیع وتجدید اور مرمتی کاموں کے سلسلے میں بجلی بند رہیگی

کوئٹہ: 09 جنوری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مختلف گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائن پر مرمتی اور ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 10 جنوری کو (بروز ہفتہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv کرانی، سریاب ون، ہزارہ ٹاون، انڈسٹریل، جائنٹ روڈ، واسا، بی ایم سی، کرانی ایکسپریس، کالونی، منی مارکیٹ فیڈرز صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح 10 جنوری اور 11 جنوری کو سوئی۔ ڈیرہ بگٹی ٹرانسمیشن لائن پر کام کے سلسلے میں (روزانہ) صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک ڈیرہ بگٹی گرڈ اسٹیشن کے تمام فیڈروں سے بجلی معطل رہیگی۔

علاوہ ازیں 11 جنوری (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن میں پاور کیبل اور سرکٹ بریکر کی ٹیسٹنگ کے کاموں کیلئے 11kv بروری روڈ، پی اے ایف، انٹر کنیکٹر، کوئٹہ کمرشل، نواں کلی، کینٹ، اسٹیڈیم، کلی دیبہ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ دریں اثناء 12 جنوری (بروز پیر) کھڈکوچہ اور منجھوشوری گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک نیز اُسی روز چمن گرڈ اسٹیشن پر مرمت کے کاموں کے باعث دن 11 بجے سے شام 4 بجے تک جبکہ ہرنائی گرڈ اسٹیشن سے صبح 8 بجے تا شام 4 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی کی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

# # #